## وفاقی اُردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس اور ٹیکنالوجی

# اعلان داخلہ 2026

## شعبہ قانون (صبح) میں داخلوں کا آغاز

### ایل ایل بی (4 سالہ) سمسٹر پروگرام (گلشن اقبال کیمپس) کراچی

### پاکستان بار کونسل اور ہائیر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے تسلیم شدہ

**آن لائن فارم 9 فروری 2026ء بروز پیر سے جامعہ کی ویب سائٹ سے پُر کیئے جاسکیں گے۔**

**اہلیت:**

ا۔انٹرمیڈیٹ، ایف اے ایف ایس سی، اے لیول یا مساوی کم از کم 50% کے ساتھ۔

۲۔ایل ایل بی (4 سالہ) صبح کے پروگرام میں داخلہ لاء ایڈمیشن ٹیسٹ (LAT) میں کامیابی سے مشروط ہوگا۔ LAT ٹیسٹ ہائیر ایجوکیشن کمیشن (HEC) آف پاکستان کی جانب سے منعقد کیا جاتا ہے۔

**طریقہ کار و رہنمائی وہدایات:**

ا۔ شعبہ قانون میں داخلے کے خواہشمند امیدوار جامعہ کی ویب سائٹ www.fuuast.edu.pk پر موجود تعارف نامہ (Prospectus) کا مطالعہ کر کے آن لائن داخلہ فارم پر کریں۔

۲۔ آن لائن داخلہ فارم پُر کرنے کے بعد پروسیسنگ فیس کا واؤچر -/3000 روپے ڈاؤن لوڈ کر کے، واؤچر پر درج بینک میں جمع کرایا جاسکے گا۔ اُن امیدواروں کو داخلہ کے عمل میں شامل کیا جائے گا جن کی پروسیسنگ فیس جمع ہوگی۔

۳۔ شعبہ قانون میں اُمیدوار کا انتخاب جامعہ کی جانب سے منظور شدہ داخلہ پالیسی کی بنیاد پر پاکستان بار کونسل کے قواعد پر عملدرآمد اور ہائیر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کی رہنما ہدایات کے تحت عمل میں لایا جائے گا۔

۴۔ داخلہ کی اہلیت: **Law Admission Test** میں کم سے کم 50% مارکس، انٹرمیڈیٹ 30% مارکس اور میٹرک 20% مارکس پر مشتمل ایگریگیٹ کی بنیاد پر میرٹ لسٹ مرتب کی جائیگی۔

۵۔ کسی بھی سرکاری ادارے میں کام کرنے والے اُمیدواروں کیلئے اپنے اداروں سے حاصل شدہ اجازت نامہ (NOC) جمع کروانا لازمی ہوگا۔

۶۔ پاکستان کے سرکاری بورڈ کے علاوہ دیگر بورڈ کی بنیاد پر داخلے کے خواہشمند اُمیدواروں کو انٹر بورڈ چیئر مین کمیٹی (IBCC) کی جانب سے جاری کردہ مساوی سرٹیفیکیٹس جمع کرانا لازمی ہوگا۔

۷۔ شعبہ قانون میں داخلے کے خواہشمند، لاء ایڈمیشن ٹیسٹ (LAT) کے پاسنگ نتائج کا سرٹیفکیٹ بھی داخلہ فارم کے ساتھ جمع کرائیں۔

۸۔ وفاقی اردو یونیورسٹی کی ویب سائٹ / نوٹس بورڈ پر میرٹ لسٹ میں نام آویزاں ہونے کے بعد منتخب امیدوار کو طلب کردہ درج ذیل دستاویزات شعبہ قانون " گلشن اقبال کیمپس " میں جمع کرانا ہوگا۔

دستاویزات:

آن لائن جمع شدہ داخلہ فارم بمعہ اصل جمع شدہ پروسیسنگ فیس کا واؤچر، 2 عدد نقول بشمول تمام ٹرانسکرپٹ و سرٹیفکیٹس، 2 عدد شناختی کارڈ کی نقول، 4 عدد پاسپورٹ سائز تصاویر (وائٹ بیک گراؤنڈ)، LAT سرٹیفکیٹ کی کاپی اور تعارف نامہ میں موجود حلف نامہ (اسٹامپ پیپر)۔

نوٹ: شعبہ قانون میں وکلاء کے بچوں کے لیے 5% کوٹہ مختص کیا گیا ہے۔

**رجسٹرار**